رسائل و مسائل

اوّلین مذہب انسان کا شرک تھا یا توحید

سوال۔ اسلام نے تاریخِ مذاہب کا یہ تصوّر جو پیش کیا ہے کہ نوعِ انسانی کا آغاز علم کی روشنی میں ہوا ہے، اور نوعِ انسانی کا ابتدائی دین توحید تھا، اور شرک اس کے بعد آیا، یہ ایک مفروضہ (ASSUMPTION) ہے۔ اس کو ثابت کیسے کیا جائے؟

جواب۔ یہ بات کہ زمین پر انسان کی زندگی کی ابتدا علم کی روشنی میں ہوئی ہے، اور آدم علیہ السلام اور اس کے بعد متصل دور کی انسانی نسل کا دین توحید پر مبنی تھا، ایک مفروضہ نہیں ہے بلکہ علمِ وحی کی دی ہوئی خبر ہے۔ اور ہم کو وحی کے ذریعہ سے علم کی ضرورت پیش ہی اس جگہ آتی ہے جہاں انسانی ذرائع معلومات ہمیں کام نہیں دیتے۔ نوعِ انسانی کے ابتدائی دین کو جاننے کا کوئی ذریعہ درحقیقت ہمارے پاس نہیں ہے، کیونکہ یہ معاملہ اس دَور سے تعلق رکھتا ہے جس کی کوئی تاریخ دنیا میں موجود نہیں ہے، نہ اس تاریخ کو جاننے کے ذرائع موجود ہیں۔ موجودہ زمانے کے لوگ اس معاملے میں علم الآثار (ARCHAEOLOGY) اور علم الانسان (ANTHROPOLOGY) پر اعتماد کرتے ہیں۔ مگر یہ دعویٰ نہیں کیا جا سکتا کہ یہ علوم ہم کو ابتدائی انسانی زندگی کے ہر پہلو کے متعلق مکمل معلومات دیتے ہیں۔ یہ قیاسی علوم ہیں اور ظاہر ہے کہ قیاس سے جو آراء قائم کی جاتی ہیں وہ "علم" کی تعریف میں نہیں آتیں۔ جو قدیم باشندے (ABORIGINES) اس وقت دنیا میں پائے جاتے ہیں ان کے متعلق علم الانسان کے ماہرین نے یہ فرض کر لیا ہے کہ وہ آج ٹھیک اسی حالت میں ہیں جس میں ابتدائی انسان تھا۔ لیکن درحقیقت کسی علمی بنیاد پر یہ دعویٰ نہیں کیا جا سکتا کہ وہ بعینہٖ اسی ذہنی، اخلاقی اور معاشری حالت پر قائم ہیں جو ہزارہا سال پہلے ابتدائی انسانوں کی حالت تھی۔ اس لیے مجرّد ان ذرائع علم کے اعتماد پر نہ یہ فیصلہ